Te Aka Matua o te Ture
Law Commission

# نفرت آمیز جرائم کا جائزہ |Hara Ngākau Kino

## مقصد و ڈھانچہ

### پراجیکٹ کا مجموعی جائزہ

Te Aka Matua o te Ture | قانونی کمیشن آؤٹیروآ، نیوزی لینڈ میں نفرت آمیز جرائم سے متعلق قانون کا جائزہ لے گا، جس میں اس امر پر توجہ دی جائے گی کہ آیا نفرت سے تحریک پانے والے جرائم کو بطور جرم تشکیل دینے کے لیے قانون کو تبدیل کیا جائے یا نہیں۔ اس جائزے کے مقصد کی خاطر، "نفرت آمیز جرم" کا مطلب وہ طرز عمل ہے جو نیوزی لینڈ کے قانون کے تحت پہلے سے ہی ایک مجرمانہ فعل ہے اور مزید برآں، لوگوں کے کسی ایسے گروہ سے نفرت یا دشمنی کی وجہ سے کیا جاتا ہے جو مشترکہ خصوصیت رکھتے ہیں (جیسے نسل، رنگ، قومیت، مذہب، صنف یا جنس، صنفی شناخت، جنسی رجحان، عمر یا معذوری)۔

فی الحال آؤٹیروآ نیوزی لینڈ میں قانون، سزا دینے کے موقع پر نفرت آمیز جرائم پر ردعمل دیتا ہے۔ اگر کوئی شخص کسی ایسے گروہ کے خلاف جارحیت کی وجہ سے کوئی جرم کرتا ہے کہ جس میں کوئی "مستقل مشترکہ خصوصیت" پائی جاتی ہے، تو عدالت کو سزا سناتے ہوئے اسے صورتحال میں سنگینی لانے والے عنصر کے طور پر زیرغور لانا ہو گا (دیکھیں مجریہ برائے سزا 2002 کی دفعہ 9 (1) (h))۔

15 مارچ 2019 کو کرائسٹ چرچ کی مساجد پر دہشت گردانہ حملوں پر انکوائری کرنے والے رائل کمیشن کی رپورٹ نے نفرت کو تحریک دینے والے نئے جرائم کی تشکیل کی تجویز پیش کی تھی۔ خاص طور پر تجویز نمبر 39 میں کہا گیا تھا کہ درج ذیل میں نفرت کو تحریک دینے والے نئے جرائم کی تشکیل کی جائے:

(a) خلاصہ جرائم مجریہ 1981 (جو کہ جارحانہ رویے یا بذریعہ زبان، حملے، جان بوجھ کر نقصان پہنچانے اور ڈرانے دھمکانے سے متعلق ہے)؛ اور

(b) مجریہ جرائم 1961 (جو کہ زیادتی، آتش زدگی اور جان بوجھ کر نقصان پہنچانے کے موجودہ جرائم سے متعلق ہے)۔

### جائزے کی وسعت

قانونی کمیشن کا جائزہ ان امور پر غور کرے گا، تاہم یہ صرف ان تک ہی محدود نہیں رہے گا:

(a) آیا آؤٹیروآ نیوزی لینڈ کا موجودہ قانون نفرت آمیز جرائم کے خلاف مناسب انداز میں ردعمل دیتا ہے (خاص طور مجریہ برائے سزا 2002 کی دفعہ 9 (1) (h)، جس میں کسی مجرم کو سزا دینے کے لیے، جارحانہ تحریک کو زیر غور لانا درکار ہوتا ہے)۔

(b) آیا موجودہ قانون کے تحت ہونے والی کارروائیوں کے بارے میں کوئی ایسی تشویش پائی جاتی ہے کہ جس سے مقننہ (یا افعالی) اقدامات کے ذریعے نمٹا جانا چاہیئے ، مثال کے طور پر، نفرت کو تحریک دینے والے جرائم کی تشکیل۔

(c) اگر نفرت کو تحریک دینے والے جرائم کی تشکیل کی ضرورت ہو:

(i) تو کون سے موجودہ جرائم سے ان کا تعلق ہونا چاہیئے؛

(ii) کون سی مشترکہ خصوصیات کا ان کو احاطہ کرنا چاہیئے؛

(iii) جرائم میں پائے جانے والے نفرت یا جارحانہ عنصر کو کس طرح ثابت کیا جانا چاہیئے؛

(iv) زیادہ سے زیادہ کتنی سزائیں مناسب ہیں؛ اور

(v) آیا مجریہ برائے سزا میں کسی ترمیم کی ضرورت ہے تاکہ نئے جرائم کا احاطہ کیا جائے اور یہ یقینی بنایا جائے کہ جرم کے مرتکب افراد کو مناسب طور پر سزا دی گئی ہے۔

اصلاحات کے لیے تجاویز مرتب کرتے ہوئے قانونی کمیشن ماؤری نظریات (te ao Māori) کا خیال رکھے گا اور نیوزی لینڈ کے معاشرے کے کثیرالثقافتی کردار کو ذہن میں رکھے گا۔

جائزہ ایسے کسی فعل کو مجرمانہ نوعیت کا قرار دینے کے لیے زیرغور نہیں لائے گا جو فی الحال نیوزی لینڈ کے قانون کے تحت جرم کے زمرے میں نہیں آتا۔ کسی ابہام سے گریز کی خاطر واضح رہے کہ یہ جائزہ، 15 مارچ 2019 کو کرائسٹ چرچ کی مساجد میں پیش آنے والے دہشت گردانہ حملے پر کی گئی انکوائری پر مبنی رائل کمیشن کی رپورٹ کی تجاویز نمبر 40 اور 41 پر غور نہیں کرے گا جو ذیل سے متعلق ہیں:

(a) نفرت آمیز تقریر سے متعلق قانون، بشمول مجریہ انسانی حقوق 1993 کی دفعات 61 اور 131؛ اور

(b) اس امر کی تعریف کہ کب ایک اشاعت مجریہ فلمز، ویڈیوز، اور اشاعتی زمرہ بندی 1993 کی دفعہ 3 کے حساب سے "قابل اعتراض" ہے۔

**دورانیہ اور طریقۂ کار**

قانونی کمیشن 2025 کے اوائل میں سرعام مشاورت کا ارادہ رکھتا ہے۔

قانونی کمیشن 2026 کے وسط تک اپنی تجاویز کے ہمراہ اس وزیر کو رپورٹ کرنے کا ارادہ رکھتا ہے جو قانونی کمیشن کے لیے ذمہ دار ہے۔

**قانونی کمیشن کا تعارف**

قانونی کمیشن ایک خود مختار کراؤن ایجنسی ہے جو حکومت کو قانونی اصلاحات سے متعلق مشورے فراہم کرتی ہے۔ حکومت ہمیں اس بارے میں کوئی ہدایات نہیں دیتی کہ ہم اپنا کام کیسے کریں یا ہم کیسے تجاویز مرتب کریں۔

ہم تحقیق اور دیگر سے گفتگو کرتے ہیں، اور پھر قانون میں بہتری لانے کے لیے حکومت کو تجاویز مرتب کر کے بھیجتے ہیں۔ یہ تجاویز وزیر انصاف کو بھیجی گئی ایک رپورٹ میں شائع ہوتی ہیں۔ وزیر کے لیے لازم ہوتا ہے کہ وہ ہماری رپورٹ پارلیمان کو پیش کرے۔

یہ فیصلہ حکومت کے ہاتھ میں ہوتا ہے کہ آیا وہ قانون کو تبدیل کرتی ہے یا نہیں اور کب کرتی ہے۔ آپ ہمارے فرائض کے بارے میں مزید جاننے کے لیے قانونی کمیشن کی ویب سائیٹ کا دورہ کر سکتے ہیں۔